# 13-12-2024  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔لوک سبھا میں آج دستور ہند کے 75 سال کے سفر پر خصوصی بحث کا آغاز ہوا۔

۲۔تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاستی تنظیم جدید قانون میں کئے گئے وعدے کے مطابق تلنگانہ کے پسماندہ اضلاع کے لئے زیر التوا 1800 کروڑ روپے کی گرانٹ جاری کرنے کی مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن سے گزارش کی۔

۳۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اس مہینہ کی 20 تاریخ کو سکندر آباد کے کالج اینڈ ڈیفنس مینجمنٹ کو پریسیڈنٹ کلرس کے اعزاز سے نوازیں گی۔

اور

۴۔سندھیا تھیٹر بھگدڑ کیس میں فلم اداکار الو ارجن کو ہائی کورٹ نے عبوری ضمانت دے دی ہے۔

○○

ریاستی  وزیر آبپاشی اُتم کمار ریڈی نے آج کاماریڈی میں مین کنال کے ذریعے نظام ساگر پروجیکٹ میں پانی چھوڑا۔ ریاستی وزیر نے ضلع میں دیگر ترقیاتی پروگراموں میں بھی حصہ لیا۔گل گستہ  میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے اتم کمار ریڈی نے کہا کہ نظام ساگر کی سو سالہ تاریخ ہے۔ انہوں نے سابق حکومت پر آبپاشی محکمے کو بھاری نقصان پہنچانے کا الزام لگایا۔  ریاستی وزیر نے کہا کہ ناگامڈو گو پروجیکٹ کی تکمیل کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں جبکہ لینڈی پروجیکٹ کے کاموں میں تیزی لانے کے لئے مہاراشٹر کے عہدیداروں سے مذاکرات جاری ہیں۔

○○

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں آج سال 2001 کے پارلیمنٹ حملے کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ دونوں ایوانوں کے ارکان پارلیمان نے بہادر  جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے کچھ دیر کی خاموشی اختیار کی۔  واضح رہے کہ پارلیمنٹ حملے کے دوران سی پی ڈبلیو ڈی کے عملے کے ایک رکن سمیت  ، پارلیمنٹ سکیورٹی سروس، دہلی پولیس، سی آر پی ایف  کے آٹھ سکیورٹی اہلکاروں کی موت ہوئی تھی۔

○○

فوربس کی جانب سے جاری کردہ دنیا کی سو سرکردہ بااثر خواتین کی فہرست میں مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن کو جگہ ملی ہے۔ سیتارمن سمیت ہندوستان کی تین خواتین کو اس فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ تینوں میں سیتارمن کا رینک اعلیٰ ہے۔ یہ مسلسل چھٹواں سال ہے جب سیتارمن کو یہ اعزاز حاصل ہوا ہے۔

○○

ریزرو بینک آف انڈیا نے فصلوں کی کاشت اور زرعی ضرورتوں کیلئے بینکوں کو جانب سے فراہم کئے جانے والے قرضے جات کی حد میں موجودہ 1.6 لاکھ سے اضافہ کرتے ہوئے دو لاکھ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔  آر بی آئی نے کہا کہ اس فیصلہ پر یکم جنوری سے عمل ہوگا۔  آر بی آئی نے بینکوں کو ہدایت دی کہ وہ تمام میڈیا یا ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے قرض کی حد میں اضافہ سے متعلق کسانوں تک جانکاری فراہم کرے۔

○○

ریاست میں سردی کی حد میں اضافہ ہوا ہے۔ڈاکٹروں نے بزرگ افراد کومشورہ دیا کہ وہ خاص کر شام 6 سے صبح 9 بجے کے درمیان احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ پولیس نے گاڑیوں کے ڈرائیورس پرزور دیا کہ وہ کہرے کے دوران ہیڈ لائٹس کا استعمال کریں اور گاڑی کی رفتار دھیمی رکھیں۔عادل آباد ضلع میں کل اقل ترین درجہ حرارت 7 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

○○

جنگاؤں ضلع کلکٹر رضوان باشاہ شیخ نے کہا کہ ضلع کو منشیات سے پاک بنانے کے لئے موثر اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ ڈرگ کنٹرول کمیٹی کے ارکان کے ساتھ ایک رابطہ اجلاس کے دوران ضلع کلکٹر نے کہا کہ منشیات کے برے اثرات کو اجاگر کرنے کے لئے اہم مقامات اور عوامی جگہوں پر بڑے فلیکس نصب کرنے چاہئے۔ کلکٹر نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ ڈرگ ٹسٹ کٹس دستیاب رکھیں۔

○○

یادادری بھونگیر ضلع کے سنستھان نارائنا پورم آدرش اسکول میں کنٹراکٹ ورکروں کے انتخاب میں مبینہ بے ضابطگیوں کے خلاف آج ایک احتجاج کیا گیا۔ایم آرسی دفتر کے باہرلوگوں نے احتجاج کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ میرٹ لسٹ میں شامل افراد کے انٹرویو کئے گئے لیکن ملازمت ان لوگوں کو دے دی گئی جن کا نام فہرست میں نہیں تھا۔

○○

اسٹارٹ اَپ اِنکیوبیٹر اے آئی سی، ٹی ہب نے اپنے نئے سیمی کنڈکٹر پروگرام کے لئے سات سیمی کنڈکٹر اسٹاراَپ کا انعقاد کیا ہے۔ یہ پروگرام آٹوموٹیو، 5.جی کمیونیکیشن، بائیومیڈیکل ڈیوائسس اور سیمی کنڈکٹر ڈیزائن پر توجہ مرکوز کرے گا۔ تکنالوجی میں مہارت اور افرادِقوت کی بنیاد پر اس اسٹارٹ اپ کا انعقاد کیا گیا۔6 مہینوں کے دوران انہیں صنعتی ماہرین سے رہنمائی ملے گی۔ملٹی پراجکٹ وائیفر شٹل سرویس تک رسائی ملے گی اور سیمی کنڈکٹر کمپنیز سے اشتراک کا موقع ملے گا۔اے آئی سی ٹی ہب نے اب تک 205 اسارٹ اَپس کوتعاون فراہم کیا ہے جس سے 69 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری ہوئی ہے۔

○○

ریاستی وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے بتایا کہ انہوں نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کے ہمراہ مرکزی وزیر نتن گڈکری سے گزارش کی ہے کہ حیدرآباد ریجنل رنگ روڈ کی تعمیر کے لئے نیشنل ہائی ویز اتھاریٹی آف انڈیا کے پاس زیرالتوا تکنیکی و مالیاتی تجاویز کو منظوری دے۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ یادادری مندر، شیوالیم ہل اور ناگرجنا ساگر پراجکٹ، پروت مالا پری یوجنا پراجکٹ پر روپ ویز نصب کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔کومٹ ریڈی نے کہا کہ حیدرآباد۔وجئے واڑہ شاہراہ کو 6 لائن کرنے کی تفصیلی پراجکٹ رپورٹ کو بھی منظوری دی جانی چاہئے تاکہ کاموں کا آغاز کیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ حیدرآباد سری سیلم روٹ پر واقع امرآباد جنگلاتی علاقہ میں سری سیلم ایلیویٹیڈ کوریڈور کو بھی سال 2024-25ء کے بجٹ میں منظوری دی جانی چاہئے۔

○○

تلنگانہ جاگروتی کی بانی و بی آر ایس ایم ایل سی کویتا نے تلنگانہ تلی مجسمہ کے ڈیزائن میں تبدیلی پر کانگریس حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔انہوں نے تلنگانہ کے ثقافتی ورثہ کی علامت بتکماں کو مجسمہ سے ہٹانے پر حکومت پر تنقید کی اور کہا کہ اس سے عوام کے جذبات متاثر ہوئے ہیں۔کویتا نے کہا کہ تلنگانہ کے عوام ایسے اقدامات سے خائف نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ تلی کے حقیقی ڈیزائن کے مجسمہ کو ریاست بھر میں نصب کیا جائے گا۔

○○

نئی سال کی آمد کے ساتھ ہی پولیس نے اس ضمن میں ضروری ہدایات جاری کی ہیں اور منتظمین سے کہا کہ وہ قواعد پر عمل کریں۔حیدرآباد پولیس کمشنر سی وی آنند نے کہا کہ نئے سال کی خصوصی تقریب منعقد کرنے والوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ پندرہ دن پہلے اجازت کی درخواست دیں۔کمشنر نے انتباہ دیا کہ اگر 3 اسٹار یا اس سے زیادہ کی ہوٹلیں، کلبس، بار، ریسٹورنٹس، پبس کی انتظامیہ اگر قواعد پر عمل نہیں کرتی ہیں تو ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔کمشنر نے مزید کہا کہ منتظمین کی ذمہ داری ہے کہ نشہ کی حالت میں گھر واپس ہونے والوں کو کیب یا ڈرائیور فراہم کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آتش بازی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔عوامی مقامات پر صرف رات دس بجے تک اور انڈور مقامات پر رات ایک بجے تک لاؤڈ اسپیکر اور ڈی جے کی اجازت رہے گی۔

○○

سنگاریڈی ضلع کے کونڈاپور منڈل میں بھارت آرڈیننس فیکٹری کے عہدیداروں نے ملکاپور پداچیرو ؤ پر بیٹل ٹینکرس کے ٹسٹ منعقد کئے۔جنرل منیجر ایس ایس پرساد نے کہا کہ ہندوستان کی دفاعی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے فیکٹری کی جانب سے بیٹل ٹینکرس فراہم کئے جارہے ہیں۔بی ایم کے کمبائٹ ٹینکرس ٹراویلس سڑکوں پر سات کلومیٹر کی رفتار سے چل سکتے ہیں۔پانی اور سڑک دونوں پر چلنے والے یہ ٹینکرس محکمہ دفاع کے لئے کافی ضرورتمند ثابت ہوں گے۔ عہدیداروں نے بتایا کہ اب تک تین ہزار سے زیادہ بیٹل ٹینکرس تیار کئے گئے ہیں۔

○○

لوک سبھا میں آج دستور ہند کے 75 سال کے سفر پر خصوصی بحث کا آغاز ہوا۔بحث کا آغاز کرتے ہوئے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ دستور ہند نے سماجی، اقتصادی، سیاسی و ثقافتی سمیت دیگر تمام شعبوں کا احاطہ کرتے ہوئے قوم کی تعمیر کی راہ ہموار کی ہے۔انہوں نے کہا کہ دستور ملک کے تہذیبی اقدار کا اظہار کرتا ہے۔ مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ کے علاوہ کانگریس کی رکن پارلیمنٹ پرینکا گاندھی وڈرا، سماج وادی پارٹی کے اکھلیس یادو، ترنمول کانگریس کے کلیان بنرجی، ڈی ایم کے، کے ٹی آر بالو، ٹی ڈی پی کے ڈاکٹر بی شبری نے بھی بحث میں حصہ لیا۔

○○

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اپنے جنوبی ہند کے دورہ کے لئے آئندہ منگل کو بولارم راشٹر پتی نیلائم پہنچیں گی۔صدر جمہوریہ کے دورہ کے لئے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔دروپدی مرمو منگل کے روز حکیم پیٹ ایرپورٹ پہنچیں گی۔صدر جمہوریہ اس مہینہ کی 20 تاریخ کو کالج اینڈ ڈیفنس مینجمنٹ سکندرآباد کو پریسیڈنٹ کلرس ایوارڈ سے نوازیں گی۔صدر جمہوریہ کا دورہ اس مہینہ کی 21 تاریخ کو ختم ہوگا۔راشٹر پتی نیلائم میں قیام کے دوران صدر جمہوریہ وزیٹرس سنٹر کے افتتاح کے علاوہ دیگر سرگرمیاں انجام دیں گی۔

○○

مرکزی وزیر برائے سماجی انصاف رام دھاس اٹھاولے نے آج کہا کہ حکومت معذور افراد کی عزت نفس اوراحترام کو برقرار رکھنے کے عہد کی پابند ہے۔ مرکزی وزیر نے معذورین کے قومی ادارہ این آئی ای پی آئی ڈی کا دورہ کیا اور معذورین میں ضروری اشیاء تقسیم کی۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ وکلانگ کا لفظ تبدیل کرتے ہوئے دیویانگ استعمال کرنا اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ معذورین کو سماج میں کس نظر سے دیکھا جاتا ہے۔

○○

سنگاریڈی ضلع کے مدیگی انٹراسٹیٹ چک پوسٹ پر ایک لاری میں منتقل کی جارہی 50 کروڑ مالیتی منشیات کو عہدیداروں نے ضبط کرلیا۔ لاری ڈرائیور اور کلینز مفرور بتائے جارہے ہیں۔

○○

سندھیا تھیٹر بھگدڑ کیس میں فلم اداکار الوارجن کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ فلم پشپا2 کی اسکریننگ کے دوران مچی بھگدڑ کی وجہ سے ایک خاتون کی موت ہوئی تھی۔ الوارجن کو ناملی کی عدالت میں پیش کیا گیا جہاں جج نے انہیں 14 دنوں کی ریمانڈ میں بھیج دیا۔ الوارجن کو چنچل گوڑہ جیل منتقل کرنے کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ حیدرآباد کمشنر سی وی آنند نے میڈیا کو بتایا کہ الوارجن کو سندھیا تھیٹر بھگدڑ واقع کے ضمن میں گرفتار کیا گیا ہے۔ متوفی خاتون کے اہل خانہ نے چکڑپلی پولیس اسٹیشن میں فلم اداکار کے خلاف شکایت درج کرائی تھی۔ پولیس نے بھارتیہ نیائے سنہیتا کی دفعہ 105 اور دفعہ 118(1) کے تحت الوارجن، ان کی سیکوریٹی ٹیم اور سنیما تھیٹر کے انتظامیہ کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے۔ اس سے قبل سندھیا تھیٹر کے دوملازمین اور مالک کو گرفتار کیا گیا تھا۔

○○

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاستی تنظیم جدید قانون میں کئے گئے وعدے کے مطابق تلنگانہ کے پسماندہ اضلاع کے لئے زیرالتوا 1800 کروڑ روپے کی گرانٹ جاری کرنے کی مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن سے گزارش کی۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ دونوں ریاستوں تلنگانہ اور آندھراپردیش کے مشترکہ پراجکٹوں کے ضمن میں قرض کی تقسیم کے معاملہ پر مرکزی حکومتیں تلنگانہ سے 2547 کروڑ روپے بازیاب کرنے کا یکطرفہ فیصلہ سنایا ہے۔ ریونت ریڈی نے مرکزی وزیر خزانہ سے اپیل کی کہ وہ اِس معاملہ پر نظرثانی کریں اور صحیح فیصلہ صادر کریں۔

○○